سوال

کیا تراویح پڑھانے کا معاوضہ لینا جائز ہے؟

جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر انسان ضرورت مند ہو تو وہ نماز تراویح پڑھانے کی اجرت لے سکتا ہے، کیونکہ اہل خانہ کی ضروریات کو پورا کرنا واجب ہے۔ وہ اپنی ضرورت طے شدہ معاوضے سے پوری کرلے گا اور عبادت رضائے الٰہی کے لیے کرے گا۔

ایسے ہی اگر وہ معاوضہ طے کیے بغیر نماز تراویح پڑھائے اور رمضان کے اختتام پر لوگ خود بخود اس سے تعاون کر دیں تو اس مال کو لینا جائز ہے۔

واللہ أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

فضیلۃ الشیخ جاوید اقبال سیالکوٹی

فضیلۃ الشیخ عبد الخالق حفظہ اللہ